## سوال

(521) نماز میں شیطانی وسوسوں کا آنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز میں اور نماز کے علاوہ ایسے ایسے شیطانی وسوسے آتے ہیں، جن سے انسان گمراہ ہوسکتا ہے اوراپنے ایمان کا خطرہ محسوس کرتا ہے کہ میں شاید منافق ہوگیا ہوں، حالانکہ کیا کچھ بھی نہیں ہوتا۔ اس صورت میں نماز کے علاوہ اور نماز میں کیا پڑھے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

معوذات ہر نماز کے بعد اور سوتے وقت پڑھے۔
عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا کہ میں ہر نماز کے بعد معوذات (سورة اخلاص، سورة الفلق، سورة الناس) پڑھا کروں۔ ] (سنن ابی داوٗد) [ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کو سوتے تو معوذات پڑھتے۔ '' ] (صحیح بخاری)

# فتاویٰ علمائے حدیث

## کتاب الصلاة جلد 1

# محدث فتویٰ